محکمہ زراعت
حکومت پنجاب

# کنو کے معیاری (بیماریوں سے پاک) پھل کا حصول

وقت کا اہم تقاضا

## سفارشات:

1۔ پھل برداشت کرنے کے بعد فوری طور پر کانٹ چھانٹ کریں۔ پودے پر کوئی سوکھی، بیماری سے متاثرہ اور مردہ لکڑی نہ رہے (باریک سوک کا ختم کرنا بہت ضروری ہے)

2۔ کانٹ چھانٹ کے فوراً بعد سپرے کریں تاکہ سابقہ بیماری کے جراثیم ختم ہو سکیں اور آئندہ پھل تندرست اور بیماریوں سے پاک ہو۔

3۔ باغات سے گیرے ہوئے پھل کو اکٹھا کر کے گہرا گڑھا کھود کر دبا دیا جائے اور اس کو مٹی کی موٹی تہہ سے ڈھانپ دیں درج بالا عمل کرنے کے بعد ان زہروں کا سپرے کریں۔



بورڈیکس مکسچر (1:1:100) یعنی ایک کلوگرام نیلا تھا + ایک کلوگرام چونا + 100 لٹر پانی کے تناسب سے تیار کریں۔ یاد رہے کہ 400 لٹر فی ایکڑ پانی ضرور استعمال کریں اور اسی نسبت سے نیلے تھوتھے اور چونے کی مقدار بڑھائیں۔

یا کوسائیڈ 2.5 گرام یا چمپین 3 گرام فی لٹر پانی


4۔ اس دوران کھادوں کا استعمال کریں۔

1 کلوگرام فی پودا ڈی اے پی + 1 کلوگرام فی پودا ایس او پی

(زیادہ کلراٹھی زمین میں سنگل سپر فاسفیٹ کو ترجیح دیں)

5۔ فروری، مارچ پھوٹ آنے پر کیڑوں کے حملہ کیلئے امیڈاکلوپرڈ بحساب 2 گرام فی لٹر پانی کے حساب سے سپرے کریں اس کے ساتھ ایزاکسی سٹرابن (Azoxystrobin) 2 ملی لٹر بھی ملالیں۔

6۔ پھول کی **70** فیصد پتیاں گرنے کے بعد یعنی **15** تا **30** اپریل کا وقت جو کہ بیماریوں کے پھیلاؤ کیلئے سب سے زیادہ نازک وقت ہے۔ لہذا درج ذیل سپرے ہر صورت کریں۔



کوسائیڈ یا چمپین 4 گرام فی لٹر پانی یا بورڈیکس مکسچر کا سپرے کریں۔

(تین ہفتہ بعد درج بالا سپرے دہرائیں)

7۔ تھرپس، مائٹس کی وجہ سے کڑا بننے کے خلاف درج ذیل سپرے کریں۔

کلوروفینا پائر 1 ملی لٹر فی لٹر پانی یا سپٹو ران 20 ملی لٹر فی 100 لٹر پانی یا سپائنوسڈ **20** ملی لیٹر فی **100** لیٹر پانی

8۔ اپریل میں پھل بننے کے بعد نائٹروجن کھاد ضرور استعمال کریں۔

امونیم سلفیٹ 2 کلوگرام فی پودا یا امونیم نائٹریٹ 1.75 کلوگرام فی پودا

راشد شمشاد
0300-6060668

Scanned by CamScanner

9۔اپریل، مئی میں عناصر صغیرہ (Micronutrients) کا سپرے درج ذیل تناسب سے فی 100 لٹر پانی کریں اور فی ایکڑ سپرے محلول کی مقدار کم از کم 300 لٹر ہو اور عناصر صغیرہ کی مقدار بھی پانی کے حساب سے بڑھا لیں۔


| | | | |
|---|---|---|---|
| زنک سلفیٹ | 300 گرام | مینگانیز سلفیٹ | 140 گرام |
| بوریکس | 50 گرام | میگنیشیم سلفیٹ | 250 گرام |

10۔مون سون قبل از وقت شروع ہونے کی صورت میں جون، جولائی میں بورڈو مکسچر کا سپرے ضروری ہے۔

11۔بارشوں کا سلسلہ جاری رہنے کی صورت میں بورڈیکس مکسچر کا سپرے کر دہرائیں۔

12۔اگست میں نائٹروجن کھاد امونیم سلفیٹ 2 کلوگرام یا امونیم نائٹریٹ 1.75 کلوگرام نومبر دسمبر میں گوبر کی کھاد بحساب 40-60 کلوگرام فی پودا ضرور ڈالیں۔

13۔اگست ستمبر میں پھل پر حملہ آور ہونے والی بیماریوں کے خلاف تھائیوفینیٹ متھائل یا پائی روکلوسٹرابن بحساب 2 گرام فی لٹر پانی کے حساب سے سپرے کریں۔



## ستمبر تا دسمبر

### فروٹ فلائی کے کنٹرول کیلئے

1۔میتھائل یوجینال والے ڈبے باغات میں لگائیں

2۔پروٹین ہائیڈرولائی سیٹ ہر 5 پودوں کے بعد ایک پودے پر تھوڑا سا سپرے کریں۔

3۔گڑ کا شیرہ بوری پر لگا کر اس پر میلاتھیان کا سپرے کر کے ایک ایکڑ میں 15 تا 20 جگہ پر رکھیں



## ضروری ہدایات

1۔ دسمبر میں گوبر کی کھاد 40 تا 60 کلوگرام فی پودا ضرور ڈالیں۔

2۔نومبر، دسمبر اور مئی، جون میں درخت کے تنے پر بورڈو پیسٹ لگائیں۔

3۔گدھیڑی کی موثر تلفی کیلئے جون، نومبر اور دسمبر میں ہلکی گوڈی کر کے انڈے تلف کریں۔رواں وقت میں اس کے خلاف سپرے کریں۔

4۔آبپاشی ہمیشہ ہلکی کریں۔باغات میں پانی کھڑا نہ ہونے دیں۔زیادہ بہتر ہے نالی دار **Furrow Irrigation** کے ذریعے آبپاشی کی جائے۔

5۔ مندرجہ بالا تمام سفارشات کے علاوہ وقتاً فوقتاً محکمہ زراعت کے عملہ سے کسی بھی رہنمائی کیلئے لازماً رابطہ کرتے رہیں۔محکمہ زراعت کا عملہ بھی آپ سے مقررہ اوقات میں ملتا رہے گا اور آپ ان سے تعاون فرمائیں۔


ادارہ برائے تحقیقات ترشاوہ باغات (CRI) سرگودھا رابطہ 048-3701312، 0300-4436196

محکمہ زراعت توسیع ضلع سرگودھا 048-9230232، 0300-7705152

محکمہ زراعت تحفظ نباتات سرگودھا 048-3710026، 0300-7236254

**محکمہ فروٹ اینڈ ویجیٹیبل ڈویلپمنٹ پراجیکٹ سرگودھا**

**0321-7964721**

**الطاف الرحمٰن خان**
(ڈائریکٹر)

**ڈاکٹر زاہد نذیر**
(اسسٹنٹ ڈائریکٹر)



**زاہد کینو فیکٹری**
6۔کلومیٹر کوٹ مومن روڈ بھلوال

**جناب محمد اعظم ٹاٹری (صدر)**
کنو گرورز ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن سرگودھا
فون: 0300-6062314

**ڈاکٹر بشارت علی سلیم**
ہارٹیکلچر آفیسر محکمہ زراعت توسیع سرگودھا
048-9230232, 0300-7705152

Scanned by CamScanner